**2**

# آپریٹنگ سسٹم
# (Operating System)

## 2.1 تعارف (Introduction)

آج کل آپریٹنگ سسٹم میں گرافیکل یوزرانٹرفیس (GUI) کا استعمال ہوتا ہے۔ اس قسم کے آپریٹنگ سسٹم میں آپ کو سبھی کمانڈ زبانی یاد کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ کمانڈ کو آئکن (Icon) کی شکل میں مانیٹر پر دیکھا جاسکتا ہے۔ آج کل سب سے زیادہ استعمال ہونے والا آپریٹنگ سسٹم ونڈوز (Windows) ہے۔


سب سے پہلا ونڈوز آپریٹنگ سسٹم Windows-95 کی شکل میں منظرِ عام پر آیا اس کے بعد Windows-98 اور Windows 2000 کا ارتقا ہوا۔ فی الوقت Windows XP، Windows-Vista، Windows7 اور Windows 8 آپریٹنگ سسٹم بروئے کار لائے جارہے ہیں۔ اس سبق میں ہم Windows XP کی اہم خصوصیات کی وضاحت کریں گے۔

## 2.2 مقاصد

اس سبق کو مکمل کر لینے کے بعد آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ

- ونڈوز XP کی خصوصیات کو واضح کرسکیں؛

- مختلف آئکن اور ان کی خصوصیات کی وضاحت کرسکیں؛
- فائل مینجمنٹ کی تعریف بیان کرسکیں۔




شکل 2.1

## 2.3 ونڈوز XP کے عناصر

### 2.3.1 لاگ آن کرنا (Logging On)

جب ونڈوز XP پر کام کرنے والے کمپیوٹر سسٹم کو شروع کیا جاتا ہے تو یہ log-in سکرین کو ظاہر کرتا ہے جس کی مدد سے ہم ونڈوز یا نیٹ ورک کے لیے لاگ آن کر سکتے ہیں بشرطیکہ سسٹم کمپیوٹر نیٹ ورک سے جڑا ہو۔

لاگ آن کرنے کے لیے مندرجہ ذیل پر عمل کیجیے:

1۔ پاس ورڈ (Password) داخل کیجیے (اگر سسٹم کو پاس ورڈ درکار ہے)۔

2۔ Enter key دبایئے۔




شکل 2.2

## 2.4 ونڈوز XP کے ڈیسک ٹاپ ایلیمنٹ

### اسٹارٹ مینیو (Start Menu)

جیسے ہی Start بٹن پر کلک کیا جاتا ہے تو اسکرین پر ایک مینیو ظاہر ہو جاتا ہے (جیسا کہ مندرجہ ذیل شکل میں دکھایا گیا ہے) جس میں وہ سبھی متبادلات موجود ہوتے ہیں جن کی مدد سے ونڈوز کو استعمال کرنا شروع کر سکتے ہیں۔




شکل 2.3

## اسٹارٹ مینیو کے متبادلات پر ایک نظر

| متبادلات | وضاحت |
|---|---|
| All Programs | کمپیوٹر پر انسٹال کیے گئے پروگراموں کی فہرست کو ظاہر کرتا ہے۔ استعمال کنندہ مطلوبہ پروگرام پر کلک کر کے اسے شروع کر سکتا ہے۔ |
| My Documents | موجودہ استعمال کنندہ کے ذریعے استعمال کیے گئے ڈاکیومنٹ کی فہرست کو ظاہر کرتا ہے۔ |
| My Recent Documents | موجودہ استعمال کنندہ کے ذریعے فی الوقت استعمال کیے گئے ڈاکیومنٹ کی فہرست کو ظاہر کرتا ہے۔ |
| My Picture | موجودہ استعمال کنندہ کے ذریعے استعمال ہونے والی تصاویر/ فوٹو گراف کی فہرست کو ظاہر کرتا ہے۔ |
| My Music | موجودہ استعمال کنندہ کے ذریعے استعمال کیے گئے نغموں/میوزک کی فہرست کو ظاہر کرتا ہے۔ |
| Control Panel | یوٹیلیٹی پروگراموں کی فہرست کو ظاہر کرتا ہے جن کی مدد سسٹم کو Configure کیا جاسکتا ہے اور پروگرام Install یا Unistall کیے جاسکتے ہیں۔ |
| Printer and Faxes | کمپیوٹر سسٹم میں فی الوقت انسٹال کیے گئے پرنٹر اور فیکس کی فہرست کو ظاہر کرتا ہے۔ |
| Help and Support | XP help and support پروگرام کو شروع کرتا ہے جس کی مدد سے یہ معلوم کیا جاسکتا ہے کہ ونڈوز میں کسی کام کو کس طرح انجام دیا جاسکتا ہے۔ |
| Search | اس کی مدد سے استعمال کنندہ فائل، فولڈر، نیٹ ورک سے جڑے ہوئے دیگر کمپیوٹر اور شیئرڈ ریسورسز کا پتہ لگا سکتا ہے۔ |
| Run | اپلی کیشن پروگرام کو چلانے یا DOS کمانڈ کا استعمال کرنے کے لیے۔ |
| Log off | کمپیوٹر سسٹم کے موجودہ لاگ اِن یوزر کو لاگ آف کرنے کے لیے۔ |
| Turn off Computer | فی الوقت کھلے ہوئے پروگراموں کو بند کرتا ہے، موجودہ استعمال کنندہ کو لاگ آف کرتا ہے اور کمپیوٹر سسٹم کو بند کرتا ہے۔ |

## ٹاسک بار (Task Bar)

جب آپ کمپیوٹر سسٹم کو شروع کرتے ہیں تو اسکرین پر سب سے نیچے کی طرف Start اور ٹاسک بار ظاہر ہوجاتی ہے اور جب تک ونڈوز چلتی ہے یہ ٹاسک بار نظر آتی رہتی ہے۔ جب کوئی پروگرام چلایا جاتا ہے یا کوئی ونڈو کھولتے ہیں تو پروگرام کو ظاہر کرنے والا آئکن ٹاسک بار کے اوپر ظاہر ہوجاتا ہے۔ ایک ونڈو سے دوسری ونڈو یا ایک پروگرام سے دوسرے پروگرام میں جانے کے لیے ٹاسک بار کے اوپر ونڈو کو ظاہر کرنے والے آئکن پر کلک کیجیے۔ جیسے ہی ونڈو یا پروگرام کو بند کرتے ہیں آئکن، ٹاسک بار سے غائب ہوجاتا ہے۔




**شکل 2.4**

## پروگرام کو شروع کرنا

کسی بھی پروگرام کو شروع کرنے کے لیے مندرجہ ذیل اقدامات کیجیے:

1۔ **Start** بٹن پر کلک کیجیے۔

2۔ **All Programs** پر کلک کیجیے۔

3۔ کرسر کو مطلوبہ فولڈر مثلاً "**Accessories**" پر لائیے اور مطلوبہ پروگرام مثلاً **Paint** کو منتخب کیجیے۔

## پروگرام کو بند کرنا

پروگرام کو بند کرنے کے لیے پروگرام ونڈو کے سب سے اوپر دائیں طرف **(×)** بٹن پر کلک کیجیے یا


**File** مینو پر کلک کیجیے اور '**Close**' متبادل کا انتخاب کیجیے۔

## مدد حاصل کرنا

ونڈوز کو استعمال کرنے اور سیکھنے کے لیے آن لائن مدد حاصل کی جاسکتی ہے۔ آپ کسی بھی مخصوص کام (Task) یا فی الحال انجام دیے جانے والے کام کے سلسلے میں مدد لے سکتے ہیں۔ مدد حاصل کرنے کے لیے:

- Start بٹن پر کلک کیجیے۔
- Help and Tutorial آپشن کا انتخاب کیجیے۔

اسکرین پر Help and support topics اور Online tutorial ظاہر ہو جاتا ہے۔مختلف موضوعات سے متعلق مطلوبہ معلومات حاصل کرنے کے لیے آپ اسکرین پر Tabs کا استعمال کر سکتے ہیں۔




**شکل 2.5**

- کسی کام کو کس طرح انجام دینا ہے اس کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے متعلقہ موضوع پر کلک کیجیے یا متعلقہ موضوع پر مدد کی نشاندہی کے لیے اسے Search باکس میں ٹائپ کیجیے۔
- انگریزی حروف تہجی کی ترتیب میں فہرست بند کسی مخصوص موضوع کی نشاندہی کے لیے 'Index' ٹیب پر کلک کیجیے اور اسکرین پر ظاہر ہونے والی ہدایات پر عمل کیجیے۔
- اپنی Favourites list میں Help Topics اور تلاش کے نتائج (search results) کو شامل کرنے کے لیے 'Favourites' ٹیب پر کلک کیجیے۔اس طرح آپ مستقبل میں ان کی باسانی نشاندہی کر سکتے ہیں۔
- Help and Support کی فہرست سے جن صفحات کو آپ ماضی میں دیکھ چکے ہیں انھیں دوبارہ دیکھنے کے لیے 'History' پر کلک کیجیے۔

- مختلف قسم کی آن لائن مدد مثلاً مائکرو سافٹ آن لائن سپورٹ، نیوز گروپ آن ونڈوز وغیرہ حاصل کرنے کے لیے 'Support' پر کلک کیجیے۔
- ہیلپ اور سپورٹ سینٹر کو اپنی ضرورت کے ساتھ مربوط کرنے کے لیے 'Option' پر کلک کیجیے۔

Help and Support Windows کو بند کرنے کے لیے ونڈو میں سب سے اوپر دائیں کونے میں (×) بٹن پر کلک کیجیے۔


## فائل اور فولڈر کی نشاندہی کرنا

اگر آپ کو یہ نہیں معلوم ہے کہ کوئی فائل یا فولڈر کس جگہ موجود ہے تو آپ ہارڈ ڈسک، CD یا نیٹ ورک ڈرائیو (اگر سسٹم نیٹ ورک کا حصہ ہے) میں مطلوبہ فائل یا فولڈر کی نشاندہی کرنے کے لیے Search آپشن کا استعمال کر سکتے ہیں۔ Search آپشن کے تحت فراہم کی جانے والی Indexing Services آپ کے کمپیوٹر پر سبھی فائلوں کے انڈیکس کو بنائے رکھتی ہیں جس کی وجہ سے سرچ کرنا آسان ہو جاتا ہے۔

کسی فائل یا فولڈر کو سرچ کرنے کے لیے

1۔ **Start** بٹن پر کلک کیجیے اور پھر **Search** پر کل کیجیے۔
2۔ ونڈوز کے بائیں طرف **All Files and Folders** کا انتخاب کیجیے۔
3۔ سرچ کی جانے والی فائل یا فولڈر کا پورا یا جزوی نام یا فائل میں موجود کسی لفظ یا فقرہ کو ٹائپ کیجیے۔
4۔ اگر آپ کے پاس کسی بھی قسم کی معلومات نہیں ہے تو دیگر متبادلات کو منتخب کیجیے۔

- **Look in** میں اس ڈرائیو، فولڈر یا نیٹ ورک پر کلک کیجیے جسے آپ سرچ کرنا چاہتے ہیں۔
- مخصوص تاریخوں کے درمیان تشکیل یا ترمیم کی گئی فائل کو سرچ کرنے کے لیے **When was it modified?** پر کلک کیجیے۔
- کسی مخصوص سائز کی فائل کو سرچ کرنے کے لیے **What size is it?** پر کلک کیجیے اور سائز کا انتخاب کیجیے۔




شکل 2.6

- مزید سرچ معیارات کی تخصیص کے لیے **More advanced options** پر کلک کیجیے۔

5۔ سرچ معیارات کی تخصیص مکمل ہو جانے کے بعد فائل کا پتہ لگانے کے لیے Search پر کلک کیجیے۔

اسی طرح آپ انٹرنیٹ پر مخصوص معلومات یا اپنی ایڈرس بک میں لوگوں کو تلاش کر سکتے ہیں نیز اپنے نیٹ ورک پرنٹر یا دوسرے کمپیوٹر کو تلاش کر سکتے ہیں۔

## سسٹم سیٹنگ کو تبدیل کرنا

کنٹرول پینل کے ٹولز کا استعمال کرکے آپ ونڈوز کی ظاہری بناوٹ اور اس کے کام کرنے کے طریقے کو تبدیل کر سکتے ہیں ساتھ ہی آپ نئے ہارڈ ویئر کو انسٹال کر سکتے ہیں اور سافٹ ویئر پروگراموں کو Install یا Uninstall بھی کر سکتے ہیں، اپنی ڈیسک ٹاپ کی ظاہری بناوٹ کو تبدیل کر سکتے ہیں یعنی اسے پرکشش بنا سکتے ہیں۔ کنٹرول پینل میں Administrative tools آپشن کے تحت ایسے کئی ٹولز ہوتے ہیں جن کی مدد سے آپ ونڈوز کے ایڈمنسٹریشن کو مزید بہتر بنا سکتے ہیں مثلاً User Management، Event Viewer،

Coponent Service وغیرہ کنٹرول پینل کو شروع کرنے اور اس میں دستیاب ٹولز کو استعمال کرنے کے لیے مندرجہ ذیل پر عمل کیجیے۔


- Start پر کلک کیجیے۔
- Control Panel پر کلک کیجیے۔
- مطلوبہ ٹول کا انتخاب کیجیے اور اسے استعمال کیجیے۔

مثلاً اگر آپ نئے یوزر اکاؤنٹ کی تشکیل کرنا یا موجودہ یوزر اکاؤنٹ میں تبدیلی کرنا چاہتے ہیں تو کنٹرول پینل میں 'User Account' آئکن پر کلک کیجیے۔

## My Computer کو استعمال کرنا

My Computer، فلاپی، ہارڈ ڈسک، CD-ROM اور نیٹ ورک ڈرائیو کے مواد کو ظاہر کرتا ہے۔

- **Start** بٹن پر کلک کیجیے اور پھر **My Computer** پر کلک کیجیے۔





**شکل 2.7**

### اسٹور کیے ہوئے مواد کو ظاہر کرنا

- آپ کی ہارڈ ڈسک میں کیا ہے، یہ دیکھنے کے لیے **Hard Dick Drives** کے تحت اس ڈرائیو پر ڈبل کلک کیجیے جسے آپ دیکھنا چاہتے ہیں مثلاً :C، :D وغیرہ۔
- CD-ROM میں موجود فائل یا فولڈر کو دیکھنے کے لیے **Devices with Removable Storage** کے تحت مطلوبہ اسٹوریج میڈیا پر ڈبل کلک کیجیے۔
- کسی فولڈر کے اندر فائل کا پتہ لگانے کے لیے **Files Stored on This Computer** کے تحت فولڈر پر ڈبل کلک کیجیے۔

## 2.5 ونڈوز میں فائل مینجمنٹ

ونڈوز میں فائل مینجمنٹ کا کام ونڈوز ایکسپلورر یا My Computer کے ذریعے انجام دیا جاسکتا ہے۔ ونڈوز ایکسپلورر آپ کے کمپیوٹر میں موجود فائل، فولڈر اور اسٹوریج ڈرائیو (مستقل اور الگ ہو جانے والی دونوں قسم کی)




شکل 2.8

کی فہرست کو ظاہر کر دیتا ہے۔ ونڈوز ایکسپلورر آپ کے کمپیوٹر پر نیٹ ورک ڈرائیوز کی فہرست کو بھی (ڈرائیو لیٹر کی شکل میں) ظاہر کر دیتا ہے۔ ونڈوز ایکسپلورر کا استعمال فائل اور فولڈروں کی کاپی کرنے (Copy)، انھیں ایک جگہ سے دوسری جگہ کرنے (Move)، ان کا نام تبدیل کرنے (Rename) اور انھیں سرچ کرنے کے لیے کیا جاسکتا ہے۔ مثال کے طور پر اگر آپ کسی فائل کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا چاہتے ہیں تو اس فولڈر کو کھولیے جس میں مطلوبہ فائل موجود ہے۔ اس کے بعد ماؤس کی مدد سے اس فائل کو ٹارگیٹ فولڈر یا ڈرائیو میں ڈریگ کر کے چھوڑ دیجیے۔

ہارڈ ڈسک سے ختم ہونے والی فائلوں اور فولڈروں کو ونڈوز ری سائیکل بن (Recycle Bin) میں پہنچا دیتی ہے۔ جہاں سے انھیں دوبارہ حاصل کیا جاسکتا ہے بشرطیکہ ری سائیکل بن کو خالی نہ کیا گیا ہو۔ نیٹ ورک ڈرائیو جیسی غیر مستقل (Removable) اسٹوریج میڈیا سے Delete ہونے والی فائلیں یا فولڈر ری سائیکل بن میں نہیں جاتے بلکہ مستقل طور پر ختم ہو جاتے ہیں۔


## 2.5.1 ونڈوز ایکسپلورر کو استعمال کرنا

ونڈوز ایکسپلورر کو کھولنے کے لیے


- **Start** بٹن پر کلک کیجیے۔
- کرسر کو **All Programs** پر لائیے۔
- **Accessories** پر جائیے اور **Windows Explorer** پر کلک کیجیے۔

My Document کا استعمال کر کے کسی فائل یا فولڈر کی نقل تیار کرنا یا اسے ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا۔

- پہلے **Start** بٹن پر کلک کیجیے اور پھر **My Documents** پر کلک کیجیے۔
- اس فائل یا فولڈر پر کلک کیجیے جس کی نقل تیار کرنی ہے۔ یہ یک وقت ایک سے زیادہ فولڈر یا فائلوں کی نقل تیار کی جاسکتی ہے۔
- ایک سے زیادہ فائل یا فولڈروں کو منتخب کرنے کے لیے پہلے فولڈر یا فائل کو منتخب کیجیے SHIFT کی کو دباتے ہوئے دیگر فائل یا فولڈروں پر کلک کیجیے۔





شکل 2.9




شکل 2.10

- غیر مسلسل فائل یا فولڈروں کو منتخب کرنے کے لیے CTRL کی کو دباتے ہوئے مطلوبہ فائل یا فولڈروں پر کلک کیجیے۔
- **Edit** کے تحت **Copy** کو منتخب کیجیے۔
- اس فولڈر یا ڈرائیو کا انتخاب کیجیے جس میں آپ فائلوں کی نقل تیار کرنا چاہتے ہیں۔
- مطلوبہ فائل یا فولڈروں کو ٹارگیٹ ڈرائیو میں کاپی کرنے کے لیے **Edit** کیت تحت **Paste** کا انتخاب کیجیے۔




**شکل 2.11**

## 2.5.2 فائل کی تفصیلات کو دیکھنا

1۔ سب سے پہلے **Start** بٹن پر کلک کیجیے اور پھر **My Documents** پر کلک کیجیے۔


2۔ اس فولڈر پر ڈبل کلک کیجیے جس میں مطلوبہ فائلیں موجود ہیں۔

3۔ **View** مینو میں **Details** پر کلک کیجیے۔

4۔ یہ فائل کی تمام تفصیلات مثلاً فائل کا نام، ٹائپ سائز وغیرہ کو ظاہر کر دے گا۔

## 2.5.3 ایکسپلورر کا استعمال کر کے فائلوں کو کاپی اور منتقل کرنا

- **Start** پر کلک کیجیے۔ کرسر کو **All Programs** پر لے جائیے اور پھر **Accessories** پر جائیے، یہاں **Windows Explorer** پر کلک کیجیے۔
- اس بات کو یقینی بنائیے کہ آپ فائل یا فولڈر کو جس جگہ پر منتقل کرنا چاہتے ہیں وہ نظر آ رہی ہے۔




**شکل 2.12**

- اب فائل یا فولڈر کو مطلوبہ مقام تک ڈریگ کیجیے۔
- اگر آپ ماؤس کا دایاں بٹن دباتے ہوئے کسی آئیٹم کو ڈریگ کرتے ہیں تو آپ فائل کو اس کے نئے مقام پر منتقل کر سکتے ہیں، کاپی کر سکتے ہیں اور اس کا شارٹ کٹ بنا سکتے ہیں۔
- اگر آپ کسی آئیٹم کو منتقل کرنے کے بجائے اس کی کاپی کرنا چاہتے ہیں تو ڈریگ کرنے کے دوران CTRL Key کو دبا کر رکھیے۔

- اگر آپ کسی آئیٹم کو ڈریگ کر کے دوسری ڈسک پر لے جاتے ہیں تو یہ منتقل نہیں ہوگا البتہ دوسری ڈسک پر اس کی کاپی تیار ہو جائے گی۔ آئیٹم کو منتقل کرنے کے لیے ڈریگ کرنے کے دوران SHIFT Key کو دبا کر رکھیے۔
- کسی پروگرام کو اگر نئی جگہ پر ڈریگ کیا جائے تو وہاں اس پروگرام کا شارٹ کٹ تیار ہو جائے گا۔ پروگرام کو منتقل کرنے کے لیے رائٹ کلک کیجیے اور پروگرام کو ڈریگ کر کے نئی جگہ پر لے جائیے۔ پروگرام کو منتقل کرنے کے لیے ضروری ہے کہ آپ نے ایڈمنسٹریٹر کے طور پر لاگ آن کیا ہو۔

## 2.5.4 نیا فولڈر بنانا

1۔ سب سے پہلے **Start** بٹن پر کلک کیجیے اور پھر **My Documents** پر کلک کیجیے۔

2۔ **File** کے تحت **New** پر کلک کیجیے اور **Folder** کا انتخاب کیجیے۔

3۔ **New Folder** کے نام سے ایک نیا فولڈر بن جائے گا۔

4۔ نئے فولڈر کا نام ٹائپ کیجیے اور ENTER دبائیے۔

5۔ فولڈر ونڈو میں یا ڈیسک ٹاپ پر خالی جگہ میں رائٹ کلک کر کے بھی نیا فولڈر بنایا جا سکتا ہے۔ رائٹ کلک کیجیے، کرسر کو **New** پر لائیے اور **Folder** پر کلک کیجیے۔

## 2.5.5 فائل یا فولڈر کا نام تبدیل کرنا

1۔ **Start** بٹن پر کلک کیجیے اور پھر **My Documents** پر کلک کیجیے۔

2۔ اس فائل یا فولڈر پر کلک کیجیے جس کا نام تبدیل کرنا ہے۔

3۔ **File** کے تحت **Rename** پر کلک کیجیے۔

4۔ نیا نام ٹائپ کیجیے اور Enter Key دبائیے۔

- کرسر کو فائل یا فولڈر پر لے جائیے اور رائٹ کلک کر کے **Rename** پر کلک کیجیے، اس طریقے سے بھی آپ فائل یا فولڈر کا نام تبدیل کر سکتے ہیں۔

## 2.5.6 فائل یا فولڈر کو حذف (Delete) کرنا

1۔ پہلے **Start** پر کلک کیجیے اور پھر **My Documents** پر کلک کیجیے۔

2۔ اس فائل یا فولڈر پر کلک کیجیے جسے آپ ختم کرنا چاہتے ہیں۔


3۔ **File** مینو کے تحت **Delete** پر کلک کیجیے۔

4۔ فائل یا فولڈر پر رائٹ کلک اور پھر **Delete** پر کلک کر کے بھی فائل یا فولڈر کو ختم کیا جا سکتا ہے۔

5۔ مذکورہ بالا طریقہ سے ختم ہونے والی فائل یا فولڈر **Recycle Bin** میں جمع ہو جاتا ہے اور Recycle Bin کو خالی کرنے پر یہ مستقل طور پر ختم ہو جاتا ہے۔

6۔ ختم کی گئی فائل کی بازیافت کے لیے ڈیسک ٹاپ پر بنے ہوئے **Recycle Bin** آئکن پر ڈبل کلک کیجیے۔ جس فائل کی بازیافت مقصود ہے اس پر رائٹ کلک کیجیے اور پھر **Restore** پر کلک کیجیے۔


7۔ کسی فائل یا فولڈر کو مستقل طور پر ختم کرنے کے لیے SHIFT Key کو دباتے ہوئے فائل/فولڈر کو Recycle Bin میں ڈریگ کیجیے۔




**شکل 2.13**

## 2.6 سافٹ ویئر/ہارڈ ویئر کو انسٹال کرنا

ونڈوز میں نئے سافٹ ویئر کو انسٹال کرنا بہت آسان ہے۔ Control Panel میں Add or Remove Program یوٹیلٹی کمپیوٹر سسٹم پر پروگرام اور Components کے مینجمنٹ میں مدد کرتی ہے۔ اس یوٹیلٹی کی مدد سے آپ CD-ROM یا نیٹ ورک ڈرائیو میں موجود سافٹ ویئر پیکیجز مثلاً Microsft Word یا Access وغیرہ کو انسٹال کر سکتے ہیں یا پہلے سے انسٹال سافٹ ویئر کو ہٹا سکتے ہیں (Unistall)۔ ساتھ ہی انٹرنیٹ سے Windows updates اور نئی فیچرز کو انسٹال کر سکتے ہیں۔ اس یوٹیلٹی کی مدد سے ان Windows components کو بھی انسٹال کیا جاسکتا ہے جو ونڈوز انسٹال کرتے وقت اس میں شامل نہیں ہوتے۔




شکل 2.14

### 2.6.1 سافٹ ویئر انسٹال کرنا

- **Start** پر کلک کیجیے۔ **Control Panel** پر کلک کیجیے۔

- **Add or Remove Programs** پر ڈبل کلک کیجیے۔
- **Add or Remove Programs** پر کلک کیجیے اور پھر اس جگہ کا انتخاب کیجیے جہاں انسٹال کیا جانے والا سافٹ ویئر موجود ہے مثلاً **CD-Rom** یا فلاپی ڈرائیو وغیرہ۔
- سافٹ ویئر کو انسٹال کرنے کے لیے اسکرین پر دکھائی جانے والی ہدایات پر عمل کیجیے۔

## 2.6.2 سافٹ ویئر کو تبدیل کرنا یا سسٹم سے ہٹانا

1۔ **Start** پر کلک کیجیے۔ **Control Panel** پر کلک کیجیے۔

2۔ **Add or Rename Programs** پر ڈبل کلک کیجیے۔

3۔ **Change or Remove Programs** پر کلک کیجیے اور پھر اس پروگرام کو منتخب کیجیے جسے آپ Change / Remove کرنا چاہتے ہیں۔

- پروگرام کو تبدیل کرنے کے لیے **Chnage** بٹن پر کلک کیجیے۔
- پروگرام کو سسٹم سے ہٹانے کے لیے **Remove** بٹن پر کلک کیجیے۔

## 2.6.3 Windows Update سے نئی فیچرز کو انسٹال کرنا (یا شامل کرنا)

1۔ **Start** پر کلک کیجیے۔ **Control Panel** پر کلک کیجیے۔


2۔ **Add or Remove Programs** پر ڈبل کلک کیجیے۔

3۔ **Windows Update** پر کلک کیجیے۔

4۔ اسکرین پر نظر آنے والی ہدایات پر عمل کیجیے۔

## 2.6.4 ونڈوز کمپونینٹ کو انسٹال کرنا یا سسٹم سے ہٹانا

ونڈوز کی اس فیچر کو استعمال کرنے کے لیے استعمال کنندہ کا ایڈمنسٹریٹر کے طور پر لاگ اِن ہونا ضروری ہے یا پھر وہ ایڈمنسٹریٹر گروپ ممبر ہو۔




**شکل 2.15**

1۔ **Start** پر کلک کیجیے۔ **Control Panel** پر کلک کیجیے۔

2۔ **Add or Remove Programs** پر ڈبل کلک کیجیے۔

3۔ Windows Components Wizard میں ہدایات پر عمل کیجیے۔


## 2.6.5 ہارڈویئر انسٹال کرنا

ونڈوز کی مدد سے آپ نئے ہارڈویئر کمپونینٹ مثلاً ساؤنڈ کارڈ، ویڈیو کارڈ یا نیٹ ورک کارڈ وغیرہ اپنے کمپیوٹر پر انسٹال کر سکتے ہیں۔

1۔ **Start** پر کلک کیجیے۔ **Control Panel** پر کلک کیجیے۔

2۔ **Add Hardware** پر ڈبل کلک کیجیے۔

3۔ اسکرین پر ظاہر ہونے والی ہدایات پر عمل کیجیے۔




شکل 2.16

## متن پر مبنی سوالات

1۔ مندرجہ ذیل میں صحیح اور غلط بیانات کی نشاندہی کیجیے۔

(a) ڈیلیٹ ہونے والی فائلیں یا فولڈرری سائیکل بِن میں جمع ہو جاتی ہیں۔

(b) Edit مینو کے تحت آپ فائل کا نام تبدیل کر سکتے ہیں۔

(c) ونڈوز کی مدد سے آپ نئے سافٹ ویئر بہت آسانی سے انسٹال کر سکتے ہیں۔

2۔ خالی جگہوں کو پُر کیجیے:

(a) فائل کے تحت ________ کلک کیجیے اور فولڈر منتخب کیجیے۔

(b) اگر آپ ________ دباتے ہوئے کسی آئیٹم کو ڈریگ کریں تو آپ اس کا شارٹ کٹ تیار کر سکتے ہیں۔

(c) جب آپ کمپیوٹر سسٹم کو شروع کرتے ہیں تو ٹاسک بار اسکرین پر __________ کی طرف ظاہر ہو جاتی ہے۔

(d) جب __________ سے فائل یا فولڈر کو حذف (Delete) کیا جاتا ہے تو ونڈوز اسے ری سائیکل بن میں پہنچا دیتی ہے۔

(e) غیر مسلسل فولڈر فائلوں کو منتخب کرنے کے لیے __________ کو دبا کر رکھیے۔

## 2.7 آپ نے کیا سیکھا

آپ نے اس سبق میں ونڈوز XP کی اہم فیچرز کا مطالعہ کیا ہے۔ اب آپ اس قابل ہو چکے ہیں کہ فائل یا فولڈر کو تلاش کر سکیں اور ونڈوز ایکسپلورر کی مدد سے فائلوں کا بہتر مینجمنٹ کر سکیں۔ علاوہ ازیں آپ اپنے سسٹم پر سافٹ ویئر اور ہارڈ ویئر انسٹال کر سکتے ہیں۔ آپ سسٹم سیٹنگ میں ترمیم بھی کر سکتے ہیں۔

## 2.8 اختتامی سوالات

1۔ کسی فائل یا فولڈر کو تلاش کرنے (Search) کے مختلف اقدامات لکھیے۔

2۔ مندرجہ ذیل کی وضاحت کیجیے:

(a) ری سائیکل بن

(b) ٹاسک بار

(c) پروگرام سے باہر نکلنا

(d) ونڈوز میں فائل مینجمنٹ

3۔ کمپیوٹر سے کسی فائل یا فولڈر کو ختم کرنے کے لیے اقدامات لکھیے۔

4۔ کمپیوٹر میں سافٹ ویئر انسٹال کرنے کے لیے آپ کیا اقدامات کریں گے؟

5۔ فائل یا فولڈر کا نام تبدیل کرنے کے لیے بروئے کار لائے جانے والے مختلف اقدامات لکھیے۔

## 2.9 متن پر مبنی سوالوں کے جوابات

1۔ (a) صحیح (b) غلط (c) صحیح

2۔ (a) دایاں ماؤس بٹن (b) دایاں (c) سب سے نیچے

(d) ہارڈ ڈسک (e) CTRL Key